# چیک لسٹ (فہرست برائے حوالہ) برائے معائنہ

| | | |
|---|---|---|
| **معائنے سے پہلے** | | |
| **ضروریات برائے معائنہ** | | **ذمہ دار: رابطہ کار برائے معائنہ** |
| **منظوری** | **اجازت کے لیے وزارتِ صحت اور وزارتِ تعلیم کو درخواست دیں۔** | ☐ |
| **ریفرل کا طریقہِ کار** | **مقامی ماہرین برائے آنکھ اور کان سے رابطہ کر کے متاثرہ بچوں کو بھیجنے کا طریقہ کار طے کریں۔**<br>• وہ کون سی خدمات فراہم کر سکتے ہیں؟<br>• نئے بھیجے گئے (ریفر) بچوں کے لیے اُن کی دستیابی (وقت)<br>• ریفر کرنے کا طریقہ کار<br>• رعایتی نرخ اور معاون نظام (امدادی سکیم) کی سہولت۔ | ☐ |
| **موزوں مقامات** | **سکول انتظامیہ سے ملاقات کر کے پروگرام کی وضاحت کریں اور اس بات کا جائزہ لیں کہ آیا معائنے کے لیے ضروریات پوری ہو سکتی ہیں۔**<br>• معائنے کے مقاصد کو واضح کریں اور سکول کے متعلقہ عملے کو تجویز دیں کہ وہ ماڈیول مکمل کریں۔<br>• حسیات (بصارت اور سماعت) کی جانچ سکول جانے والے بچوں میں۔<br>• معائنے کی جگہ کے حوالے سے ضروریات کی وضاحت کریں۔<br>◦ رسائی<br>◦ روشنی<br>◦ شور<br>◦ کمرے کی لمبائی<br>• دستاویزات (Paperwork) لکھنے کی ضروریات کی وضاحت<br>◦ فارم برائے رضامندی (رضامندی فارم)<br>◦ فارم برائے معائنہ (معائنہ فارم) | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | ○ فارم برائے اطلاع (اطلاعی فارم)<br>○ فہرست برائے رجوع (مزید کاروائی کے لیے)<br>○ صحت مند آنکھوں اور کانوں کے لیے تجاویز<br>○ سکول کی فہرست برائے معائنہ / سپریڈشیٹ (Spreadsheet)<br>• عملے کی ضروریات سے متعلق وضاحت کریں۔<br>○ سکول کا رابطہ کار برائے معائنہ<br>○ مددگار عملہ، جو بچوں کو منظم کرے اور خصوصی بچوں کے ساتھ رہے۔<br>• رضامندی فارم کا طریقہ کار اور رضامندی فارم پر دستخط کی اہمیت سے والدین / سرپرست / سکول کے سربراہ کو آگاہ کریں۔<br>• معائنے کے دن کی تفصیل بیان کریں، جس میں شرکاء کی باہمی گفتگو بھی شامل ہو۔ | |
| **معائنے کے لیے تیاریاں** | **ذمہ داران: رابطہ کار برائے معائنہ اور رابطہ کار برائے سکول** | |
| **تیاری کا جائزہ:**<br>دستاویزات<br>(Paperwork) | **سکول سے تصدیق کریں:**<br>دستخط شدہ اور موصول شدہ رضامندی فارم معائنے کے دن کے لیے جمع اور محفوظ کر لیے گئے ہیں اور ہر بچے کے حوالے سے رضامندی درج کر لی گئی ہے۔<br>• معائنے کے لیے سکول کی فہرست موجود ہے۔<br>• ہر بچے کے پاس:<br>○ ایک سادہ معائنہ فارم<br>○ ایک اطلاع نامہ فارم<br>○ رابطہ کار برائے سکول کے پاس دوبارہ معائنے کے لیے رجوع کرنے والے بچوں کی فہرست موجود ہے۔<br>○ معائنے کی جگہ صاف اور فرنیچر ترتیب سے ہے۔ | ☐ |
| **تیاری کا جائزہ:**<br>آلات | **ذمہ دار برائے معائنہ سے تصدیق کریں:**<br>• بصارت کے معائنہ سے متعلق آلات کی موجودگی اور تصدیق:<br>○ ایچ او ٹی وی (HOTV) چارٹس | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | ○ نشاندھی (Pointing) کرنے والے کارڈز<br>○ ای (E) چارٹس<br>○ آنکھ ڈھانپنے والا آلہ (Occluder)<br>○ پیمائش والا فیتہ / ناپنے والا فیتہ<br>○ چھوٹی ٹارچ / افتھیلموسکوپ (Ophthalmoscope)<br>○ ٹیپ<br>○ ہاتھ اور آلات کی صفائی کے لیے اشیاء<br>• سماعت کے معائنہ سے متعلق آلات کی موجودگی اور تصدیق<br>○ آواز کی سطح جانچنے والا آلہ (Sound Level Meter)<br>○ آڈیومیٹر (مشین / ٹیبلٹ یا موبائیل پر موجود آڈیومیٹر) - (Audiometer)<br>○ ہیڈفونز (Headphones)<br>○ اوٹوسکوپ (Otoscope)<br>○ سپیکولم (Speculum)<br>○ ہاتھ اور آلات کی صفائی کے لیے اشیاء<br>○ اضافی بیٹریاں، اوٹوسکوپ اور چھوٹی ٹارچ / افتھیلموسکوپ کے لیے بلب | |

| | | |
|---|---|---|
| **معائنے کے دن** | | |
| **معائنے سے پہلے کی سرگرمیاں** | **ذمہ داران: معائنے کرنے والا عملہ اور رابطہ کار برائے سکول** | |
| **معائنے کی جگہ کی تیاری** | **جگہ اور آلات تیار کریں:**<br>• پس منظر میں شور کی سطح کو، آواز کی سطح ناپنے والے آلے یا موبائل ایپ سے پرکھیں۔ اگر یہ سطح 40db سے زیادہ ہو تو معائنہ نہ کریں۔<br>• فرنیچر<br>○ دو کرسیاں<br>○ میز | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | • بصارت کے معائنے کے لیے سامان / آلات:<br>○ ایچ او ٹی وی(HOTV)چارٹ<br>○ نشاندہی(Pointing)کرنے والے کارڈز<br>○ ای(E)چارٹس<br>○ آنکھ ڈھانپنے والا آلہ (Occluder)<br>○ پیمائش والا فیتہ<br>○ چھوٹی ٹارچ / افتھیلمو سکوپ(Ophthalmoscope)<br>○ ٹیپ<br>○ ہاتھ اور آلات کی صفائی کے لیے اشیاء<br>○ سماعت کے معائنے کے لیے سامان / آلات:<br>○ آواز کی سطح جانچنے والا آلہ(Sound Level Meter)<br>○ آڈیو میٹر(مشین / ٹیبلٹ یا موبائل فون) - (Audiometer)<br>○ ھیڈ فونز(Headphones)<br>○ اوٹو سکوپ(Otoscope)<br>○ سپیکولم(Speculum)کم از کم دو سائز<br>○ ہاتھ اور آلات کی صفائی کے لیے اشیا | |
| **اجتماعی تربیتی سرگرمیاں** | **گروپ میں اجتماعی تیاری کا انعقاد کریں:**<br>• اُن بچوں کو تیار کریں جن کے معائنے کے لیے رضامندی دی جا چکی ہے۔ | ☐ |
| **بصارت اور آنکھوں کی صحت کا معائنہ** | | **ذمہ دار: معائنہ کرنے والا / والے** |
| **مرحلہ اول:**<br>**آغاز کے لیے تیار ہونا** | • معائنے سے پہلے رضامندی فارم پر دیے ہوئے سوالات کے جوابات، سادہ معائنہ فارم پر نقل کریں۔<br>• اگر بچہ دور دیکھنے کے لئے چشمہ استعمال کر رہا ہے تو یقینی بنائیں کہ اُس نے چشمہ پہنا ہو۔ | ☐ |
| **مرحلہ دوئم:**<br>**دور کی نظر کا معائنہ** | **بصارت کا معائنہ کریں۔**<br>1. آنکھ کو ڈھانپنے والے آلے(Occluder)کو صاف کریں(اگر آپ استعمال کر رہے ہیں)۔ | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | 2. درست چارٹ کا انتخاب کریں۔<br>(ا) آٹھ سال یا اُس سے کم عمر بچوں کے لیے HOTV چارٹ اور نشاندھی کرنے والے کارڈ استعمال کریں۔<br>(ب) آٹھ سال سے زائد عمر بچوں کے لیے E چارٹ استعمال کریں۔<br>3. بچے کو چارٹ سے تین میٹر کے فاصلے پر بٹھائیں۔<br>4. بچے کو معائنے کا طریقہ کار سمجھائیں:<br>(ا) اگر HOTV چارٹ استعمال کر رہے ہیں، تو بچوں کو کہیں کہ نشاندہی والے کارڈ سے حروف کو ملائیں۔<br>(ب) اگر E چارٹ استعمال کر رہے ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ E کی سمت کے بارے میں بتائیں۔<br>5. پہلے دائیں اور پھر بائیں آنکھ کا معائنہ کریں۔<br>6. جس آنکھ کا معائنہ نہیں کیا جا رہا اسے ہتھیلی یا آلے (Occluder) کی مدد سے نرمی سے ڈھانپ لیں۔<br>7. معائنہ فارم مکمل کریں۔ ہر آنکھ سے متعلق علیحدہ اور مجموعی طور پر نتائج درج کریں۔ | |
| **مرحلہ سوئم:**<br>**آنکھوں کی صحت** | **آنکھوں کی صحت جانچنے کے لیے تیاری کریں:**<br>8. صابن یا سینیٹائزر سے ہاتھ دھوئیں اور خشک کر لیں۔<br>9. بچوں کو وضاحت کریں کہ آپ بچوں کی آنکھوں میں دیکھیں گے اور اس کے لیے ٹارچ استعمال کریں۔<br>10. ہر آنکھ کا معائنہ ٹارچ کی مدد سے کریں۔<br>11. نتائج لکھ لیں۔ | ☐ |
| **ساعت اور کانوں کی صحت کا معائنہ** | | **ذمہ دار: معائنہ کار** |
| **مرحلہ اول:**<br>**آغاز کے لیے تیار ہونا** | 1. معائنے سے پہلے کیے گئے سوالات میں دی گئی معلومات پڑھ لیں، یہ معلومات سادہ معائنہ فارم پر نقل کر لیں۔<br>2. اگر بچے نے آلہ ساعت لگا رکھا ہے تو معائنے سے پہلے اُسے اتار دیں۔ | ☐ |
| **مرحلہ دوئم:**<br>**ساعت کا معائنہ** | **ساعت کا معائنہ کریں۔**<br>1. بچے کو کرسی پر بٹھائیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ دوران معائنہ وہ آڈیو میٹر (Audiometer) یا آپ کے ہاتھ نہ دیکھ سکے۔<br>2. بچے کو ساعت کے معائنہ سے پہلے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔<br>(ا) بچہ بذریعہ ہیڈ فونز آواز سنے گا۔ | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | (ب) ہر مرتبہ جب وہ آواز سنیں گے تو انہیں بتانا ہوگا کہ کون سے کان میں آواز سنی جارہی ہے۔مثال کے طور پر وہ اپنا دایاں یا بایاں ہاتھ اُٹھا کر نشاندہی کرسکتے ہیں۔<br>3. بچے کے کانوں پر ہیڈ فون لگائیں۔اس بات کو یقینی بنالیں کہ ہیڈ فونز دونوں کانوں کو ڈھانپ لیں اور آرام دہ ہوں۔<br>4. معائنہ فارم مکمل کریں اور ہر کان سے حاصل شدہ نتائج درج کریں۔ | |
| ☐ | **معائنہ کی مشق:** 1000 ہرٹز اور 40 ڈیسی بل۔<br>1. آواز کی فریکوئنسی کو 1000 ہرٹز اور آواز کی بلندی کو 40 ڈیسی بل پر رکھیں۔<br>2. بچے کے دائیں کان میں آواز پیدا کریں۔<br>(ا) اگر بچہ ردِ عمل (اشارہ) دے، تو معائنے والے کان کے حوالے سے مثبت نتیجہ درج کریں۔<br>(ب) اگر بچہ ردِ عمل نہ دے، دوبارہ کوشش کریں لیکن صرف دو مرتبہ مزید<br>(پ) اگر بچہ دوسری یا تیسری مرتبہ بھی رد عمل نہ دے تو اُس کان کے حوالے سے نتیجہ "ریفر" درج کریں۔<br>3. یہی عمل بائیں کان کے ساتھ بھی دُہرائیں۔<br>**نتائج:**<br>• اگر بچے نے تین کوششوں کے باوجود ایک یا دونوں کانوں میں آواز سننے کے حوالے سے ردِ عمل نہیں دیا تو سماعت کا معائنہ جاری نہ رکھیں، کان کے ماہر کے پاس بھجوانے کے لئے نتیجہ معائنہ فارم پر "ریفر" درج کریں اور کانوں کی صحت کا معائنہ شروع کریں۔<br>• اگر بچہ تین کوششوں میں ہی دونوں کانوں میں آواز سننے کے بعد ردِ عمل دے دے تو دوسرا مرحلہ شروع کریں۔ | |
| ☐ | **سماعت کا معائنہ: 1000 ہرٹز، 2000 ہرٹز اور 4000 ہرٹز، 20 ڈیسی بل کے ساتھ**<br>1000 ہرٹز اور 20 ڈیسی بل:<br>1. فریکوئنسی (تعدد) 1000 ہرٹز اور آواز کی سطح کو نیچے لاکر 20 ڈیسی بل پر رکھیں۔<br>2. دائیں کان میں تین مرتبہ آواز بھیجیں۔<br>3. ہر آواز کے حوالے سے معائنہ فارم میں بچے کے ردِ عمل کا اندراج درست (✓) یا غلط (X) سے کریں۔<br>4. یہی عمل بائیں کان کے ساتھ دہرائیں۔<br>2000 ہرٹز اور 20 ڈیسی بل: | |

| | | |
|---|---|---|
| | 1. آواز کی سطح کو موزوں (درست) کریں اور اوپر دیا گیا عمل دہرائیں۔<br>4000 ہرٹز اور 20 ڈیسی بل:<br>1. آواز کی سطح کو موزوں (درست) کریں اور اوپر دیا گیا عمل دہرائیں۔<br>2. ہر کان کے حوالے سے اور مجموعی طور پر نتائج کا اندراج کریں۔ | |
| **مرحلہ سوئم:**<br>**کان کی صحت کا معائنہ** | **کان کی صحت جانچنے کے لیے تیاری کریں اور معائنہ کریں۔**<br>1. اپنے ہاتھ صابن یا سینیٹائزر سے دھوئیں اور خشک کریں۔<br>2. سپیکولم (Speculum) کو جراثیم سے پاک کریں۔<br>3. بچے کو وضاحت کریں کہ آپ اوٹوسکوپ (Otoscope) کی مدد سے اُن کے کان کے اندر دیکھیں گے۔ | ☐ |
| | **معائنہ اول: کان کا بیرونی حصہ**<br>1. کان کی بیرونی حصے کا سامنے اور پیچھے سے معائنہ کریں۔<br>2. نتائج درج کریں۔<br>3. کان کے سامنے ابھری ہوئی جگہ کو آہستہ سے دبائیں اور دیکھیں کیا درد ہو رہا ہے۔ درد، انفیکشن کی علامت ہو سکتا ہے۔<br>4. اگر بچہ کان کے سامنے اُبھری ہوئی جگہ (Tragus) کو دبانے سے درد محسوس کرے تو کان کی صحت کا معائنہ روک دیں اور نتیجہ درج کریں۔ نتائج کے خانے میں "ریفر" لکھ دیں۔ بصورتِ دیگر معائنہ جاری رکھیں۔ | ☐ |
| | **معائنہ دوئم: کان کی نالی**<br>1. بچے کے معائنے والے کان کی طرف کھڑے ہو کر اوٹوسکوپ پکڑیں۔ بیرونی کان کو نرمی سے پکڑ کر پیچھے کی طرف کھینچ لیں تاکہ کان کی نالی کُھل جائے۔<br>2. ہر کان کے حوالے سے نتائج درج کریں۔<br>**نتائج:**<br>• اگر دونوں کانوں میں صحت کا کوئی مسئلہ نہ ہو تو نتیجہ "پاس" ہو گا۔<br>• اگر کسی بھی کان کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو تو نتیجہ ☜ "ریفر" درج کریں۔ | ☐ |
| **معائنے کی منصوبہ بندی** | | **ذمہ دار: معائنہ کار** |
| **حاضر نہیں ہوا** | **اگر بچے نے معائنہ نہیں کروایا:** | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| | دوبارہ معائنے کے حوالے سے وقت مقرر کریں۔ | |
| **نتیجہ "پاس"** | **اگر بچے نے تمام نتائج میں کامیابی حاصل کی ہو:**<br>• اگر بصارت اور سماعت سے متعلق کوئی مسئلہ نہیں، تو والدین کو بذریعہ اطلاعی (نوٹیفکیشن) فارم آگاہ کر دیں۔<br>• اگر والدین اور سرپرست کے تحفظات ہوں تو والدین سے تبادلہ خیال کرنے کا مقصد سامنے رکھیں اور دوبارہ معائنہ کروائیں۔ | |
| **"ریفر"**<br>**ماہر امراضِ چشم** | **"ریفر" کے اندراج کی صورت میں، نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے، بچے کو "ماہر امراض چشم" کے پاس بھیجنے کی منصوبہ بندی کریں۔**<br>• معائنے سے پہلے درج سوالات<br>• دور کی نظر کا معائنہ<br>• آنکھوں کی صحت کا معائنہ | ☐ |
| **"ریفر"**<br>**ماہر امراضِ کان** | **"ریفر" کے اندراج کی صورت میں، نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے، بچے کو "ماہر امراض کان" کے پاس بھیجنے کی منصوبہ بندی کریں۔**<br>• سماعت کی جانچ<br>• کان کی صحت کا معائنہ | ☐ |

| **معائنے کی سرگرمیوں کے بعد** | | **ذمہ دار: معائنہ کار اور رابطہ کار برائے سکول** |
|---|---|---|
| **دستاویزات**<br>(Paperwork) | • پڑتال کریں کہ تمام معائنہ فارم مکمل ہیں۔<br>• دوبارہ معائنے کے لیے "ریفر" فہرست میں تفصیلات درج کریں۔<br>• سکول کا ریکارڈ مکمل کریں۔<br>• حاضری<br>• مثبت نتائج<br>• "ریفر" نتائج<br>• دوبارہ معائنہ | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| آلات اور معائنے کی جگہ | معائنے کے آلات اور جگہ کو صاف کریں۔ | ☐ |

| | | |
|---|---|---|
| **معائنے کے دن کے بعد** | | |
| **آگاہ کرنا اور ریکارڈ رکھنا** | **ذمہ دار: رابطہ کار برائے معائنہ اور رابطہ کار برائے سکول** | |
| والدین سے رابطہ اور آگاہی | • یقینی بنائیں کہ سکول کے پاس "مزید معائنے" کی فہرست موجود ہے۔<br>• سکول کو درج ذیل کام کرنے ہیں:<br>○ بچوں کے والدین اور سرپرست کو آگاہ کرنا کہ آپ کے بچے کو مزید معائنے کی ضرورت ہے۔<br>○ تمام والدین کو اطلاعی (نوٹیفکیشن) فارم بھجوانا جس میں آنکھوں اور کانوں کے حوالے سے معلومات درج ہوں۔<br>○ "ریفر" (بھجوائے) کیے گئے بچوں پر نظر رکھنا کہ وہ معائنے کے لئے جا رہے ہیں۔<br>○ جو بچے معائنے کے دوران حاضر نہ تھے ان کے لیے دوبارہ وقت مقرر کرنا اور انتظامات کرنا۔<br>• اگر والدین یا سرپرست کے تحفظات ہوں تو ایک ماہ کے اندر دوبارہ معائنے کے لیے رائے دیں، چاہے بچوں نے معائنے کی تکمیل کامیابی سے کی ہو۔ | ☐ |
| ماہر امراض چشم اور ماہر امراض کان سے رابطہ | • "ریفرل" (رجوع) وصول کرنے والے اشخاص سے رابطہ کریں اور اُنہیں آگاہ کریں کہ کتنے بچے اُنکے پاس بھیجے جائیں گے۔<br>• اگر بچے پہلے سے ہی بصارت یا سماعت کے لئے معاون آلات استعمال کر رہے ہیں تو اُن کو پہلے سے سہولیات مہیا کرنے والے ادارے کے پاس بھیجیں۔ | ☐ |
| سکول سے رابطہ | بعد ازاں سکول سے پوچھیں:<br>• مزید معائنے (ریفرل) کے حوالے سے مقرر کیے گئے وقت پر بچوں کی حاضری<br>• معائنے کے لیے مزید دنوں کا انتخاب۔ | ☐ |
| ریکارڈ رکھنا | • رابطہ کار برائے سکول کی ذمہ داری ہے کہ وہ فہرست ("ریفرل") میں باقاعدگی سے معلومات درج کرتا رہے۔<br>• رابطہ کار برائے معائنہ طے شدہ طریقہ کار کے مطابق حاصل شدہ اعداد و شمار کا جائزہ لے اور معلومات فراہم کرے۔ | ☐ |